# مقدس جگہ     حصہ پنجم

کاپی رائٹ ہیلن شرمپٹن 2019 تمام جملہ حقوق محفوظ

www.crystalsandcrochet.com




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## تمام نمونہ امریکی انگریزی میں لکھا گیا

### مخفف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| St, sts | ٹانکا، | Sc | سادہ ٹانکا | Bl | اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں |
| R | چکر | Hdc | آدھا بڑا ٹانکا | Fl | ا وپری زنجیر کے اگلے حصے میں |
| Ch | ٹانکا زنجیر | Dc | بڑا ٹانکا | Bp | ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے |
| Sl-st | گم ٹانکا | Tr | دو بل ٹانکا | Fp | ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے |
| | | Dtr | تین بل ٹانکا | | |

اشارے آپ کی سہولت کے لئے دئے گئے ہیں جو امید ہے کہ نئے بنانے والو کے لئے آسانی کا باعث ہوگے ۔

(p) تصاویر کو اعداد سے ظاہر کیا گیا ہے

دو ستاروں کے درمیان دی گئی ہدایات کو بتائی گئی تعداد میں دہرائیں * *

یہ عام طور پر مکمل طرف کی دہرائی ہوتی ہے جس میں کئ طرح کی ہدایات شامل ہوتی ہیں

بریکٹ کے اندر دی گئی ہدایات کو بتائی گئی تعداد میں دہرائیں()

یہ عام طور پر نچلے درجے کی دہرائی ہوتی ہے

اس نمونے میں کئ خصوصی ٹانکے استعمال کئے گئے ہیں ۔معلومات کے لئے میرے یو ٹیوب چینل پہ معلومات حاصل کر سکتے

YouTube Channel Special Stitches

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## خصوصی ٹانکے ۔

**دو بڑے ٹانکوں کا جوڑا۔ Dc2tog**

ہک پہ بل ڈال کر ٹانکے سے گزار کہ بل ڈال کر پھندہ کھینچ لیں ۔ ہک پہ تین بل ہیں ۔ بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔ ہک پہ دو بل ہیں ۔ اگلے ٹانکے میں یہ عمل دہرائیں ۔ ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر تینوں پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔

**سیپی ٹانکے کا جھنڈ ۔ Cluster Shell**

ایک ہی ٹانکے میں بنائیں (دو۔ تین بل ٹانکوں کاجھنڈ ۔ایک زنجیر ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔ دو۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ ۔)

**شروعاتی دو ۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ ۔ Beginning 2tr cluster**

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ ہک پہ دو بل ڈال کر ٹانکے یا جگہ میں سے ہک گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ۔ بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔ تین بار اور دہرائیں ۔

**ترچھا جھنڈ ۔ Slanting Cluster**

ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ **اب تین ۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ** کچھ اس طرح سے بنائیں ۔ ہک پہ دو بل ڈال کر اسہی ٹانکے کے گرد ہک گزار کہ پھندہ کھینچ لیں ۔ ہک پہ چار پھندے ہیں ۔ بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔ دو بار اور دہرائیں ۔ ہک پہ دو پھندے ہیں ۔ اس تمام عمل کو دو بار اور دہرائیں ہک پہ چار پھندے ہیں بل ڈال کر چاروں پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔ یہ ٹانکا ایک ہی ٹانکے کے گرد اوپر سے نیچے آتے ہوئے بنایا جاتا ہے

**پھولی مکئی ٹانکا ۔ Popcorn**

ایک ہی ٹانکے میں پانچ بڑے ٹانکے بنائیں ۔ پھندے سے ہک نکال کر پہلے بڑے ٹانکے سے پیچھے سے آگے کی طرف ہک گزار کہ چھوڑے ہوئے پھندے کو اس میں سے کھینچ لیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنا کر ٹانکا مکمل کر لیں ۔ ٹانکے شمار کرتے وقت خیال رہے کہ یہ زنجیر ٹانکا کسی بھی دہرائی یا گنتی میں شامل نہیں کیا جاتا ہے ۔

**شروعاتی پھولی مکئی** ٹانکے کے لئے کھڑے بڑے ٹانکے میں تین زنجیر ٹانکوں سے شروع کریں ۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**سڑسٹھواں چکر ۔**

کسی بھی دہرائی کے پہلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ (اگلے دو ٹانکوں میں دو بڑے ٹانکوں کا جوڑا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں دو بڑے ٹانکوں کا جوڑا بنائیں ۔ اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔) تصویر نمبر دو دیکھئے تنتالیس بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری تین بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹئیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی دہرائی ۔ گیارہ بڑے ٹانکے ۔ دو ۔ دو بڑے ٹانکوں کا جوڑا ۔




**اڑسسٹھواں چکر ۔**

تین زنجیر ٹانکے بنائیں (بڑا ٹانکا شمار ہوگا) اس ہی ٹانکے میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے پانچ سو اٹھاون ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ شروعاتی تین زنجیر ٹانکے گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کریں ۔ پانچ سو ساٹھ بڑے ٹانکے ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.


**انہتروان چکر ۔**

کسی بھی ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔

(دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔) ایک سو انتالیس بار

دہرائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ کھڑے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ لیں لیکن سرے کو اکھتروں چکر کے بعد محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ دو سو اسی بڑے ٹانکے ۔ ایک سو چالیس دو زنجیر ٹانکے والی جگہ ۔







## اشارہ ۔

ترچھا جھنڈ ہر دو ٹانکوں کے جوڑے کے دوسرے ٹانکے کے گرد بنایا جاتا ہے ۔ اپنے کام کو نوے ڈ گری پہ گھما تے سے ترچھا جھنڈ بنانے میں آسانی ہوگی

۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**ستروواں چکر ۔**

کسی بھی دہرائی کے دوسرے بڑے ٹانکے کے گرد **اگلی طرف سے کھڑا سادہ ٹا نکا** بنائیں ۔ (تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اس ہی ٹانکے کے گرد **اگلی طرف سے تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں**) [پہلا ترچھا ٹانکا بن جائے گا] تصویر نمبر ایک دیکھئے (۔اگلی دو زنجیر جگہ اور کھڑا بڑا ٹانکا چھوڑ دیں اگلے ٹانکے کے گرد **اگلی طرف سے کھڑا سادہ ٹا نکا** بنائیں تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اس ہی ٹانکے کے گرد **اگلی طرف سے تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں)** تصویر نمبر دو دیکھئے

ایک سو اونتالیس بار دہرائیں ۔ پہلے بنے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کے سرے کو کاٹ کر پچھلی طرف کھینچ کہ چھوڑ دئیں ۔ اکھترویں چکر کے بعد سرے کو محفوظ کر لیں

ٹانکے شمار کریں ۔ ایک سو چالیس ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔ ایک سو چالیس ترچھے جھنڈ ۔

## اشارہ ۔

آپ کا کام پیالی نما ہو جائےگا ۔




## اشارہ ۔

اگلے دو چکروں میں دہرائی سات ترچھے ٹانکوں پہ کی جائے گی ۔ نشان بکسوہ لگانے سے دہرائی شمار کرنے میں آسانی ہوگی

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**اکھتروان چکر۔**

چکر نمبر ستر کے اوپر سے اور چکر نمبر انہتر کے پہلے بڑے ٹانکے اور ترچھے جھنڈ کے درمیان کھڑا آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ ((تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر سے ہوتے ہوئے چکر نمبر انہتر کی دو زنجیر جگہ میں تین آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ چکر نمبر انہتر کے بڑے ٹانکے اور ترچھے جھنڈ کے درمیان آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔) دو بار دہرائیں ۔ تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر سے ہوتے ہوئے چکر نمبر انہتر کی دو زنجیر جگہ میں چار آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔

چکر نمبر انہتر کے بڑے ٹانکے اور ترچھے جھنڈ کے درمیان آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر سے ہوتے

ہوئے چکر نمبر انہتر کی دو زنجیر جگہ میں تین آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔) تین بار دہرائیں ۔ چکر نمبر انہتر کے بڑے ٹانکے اور ترچھے جھنڈ کے درمیان آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر سے ہوتے ہوئے چکر نمبر انہتر کی دو زنجیر جگہ میں چار آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ چکر نمبر انہتر کے بڑے ٹانکے اور ترچھے جھنڈ کے درمیان آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔)

تصویر نمبر دو دیکھئے ۔

کل بیس بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری آدھا بڑا ٹانکا چھوڑتے ہوئے ۔ پہلے کھڑے آدھے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں فی دہرائی ۔ تیس آدھے بڑے ٹانکے




## اشارہ ۔

اگلے دو چکروں میں ہر دوسرے بڑے ٹانکے میں نشان بکسوہ لگائیں ۔ اس سے ٹانکے شمار کرتے ہوئے آسانی ہوگی ۔


Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**بہتروان چکر ۔**

کسی بھی دو ترچھے جھنڈوں کے درمیان بنے آدھے بڑے ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اسہی ٹانکے میں ایک اور بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ (اگلے انتیس ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں) تصویر نمبر دو دیکھئے ۔

بیس بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری دو بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں

ٹانکے شمار کریں فی دہرائی ۔ اکتیس بڑے ٹانکے ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**تہتروان چکر ۔**

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ (بڑا ٹا نکا شمار ہوگا) اگلے تیرہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ (اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے تیس ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں) تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ بیس بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری چودہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے بنے تین زنجیر ٹانکوں میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی دہرائی ۔ بتیس بڑے ٹانکے ۔




**چوہتروان چکر ۔**

کسی بھی ٹانکے میں شروعاتی دو۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ (اس ہی ٹانکے میں ایک زنجیر ٹانکا ۔ ایک بڑا ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔ دو ۔ تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں) (سیپی جھنڈ مکمل ہوا) تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے چار ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں سیپی جھنڈ بنائیں ۔) تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ ایک سو ستائیس بار دہرائیں) اگلے چار ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ شروعاتی دو ۔ تین بل ٹانکوں کے جھنڈ سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ ایک سو اٹھائیس سیپی جھنڈ ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## اشارہ ۔

پھولی مکئی ٹانکے کو مکمل کرنے والے زنجیر ٹانکے کو کسی بھی بعد میں بنا ئی جانے والے زنجیر ٹانکوں کی گنتی میں شمار نہیں کیا جاتا ۔

**پچھتروان چکر ۔**

کسی بھی سیپی جھنڈ کے بڑے ٹانکے میں شروعاتی پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ (چار زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلے سیپی جھنڈ کے بڑے ٹانکے میں پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔) تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ ایک سو ستائیس بار دہرائیں ۔ چار زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ پہلے شروعاتی پھولی مکئی ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ ایک سو اٹھائیس پھولی مکئی ٹانکے ۔ ایک سو اٹھائیس چار زنجیر ٹانکے والی جگہ ۔





**چھہتروان چکر ۔**

کسی بھی پھولی مکئی ٹانکے سے پہلے بنی چار زنجیر ٹانکوں میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔

(ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلا پھولی مکئی ٹانکا چھوڑتے ہوئے چار زنجیر ٹانکے والی جگہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ چار زنجیر ٹانکے والی جگہ کے اوپر سے ہوتے ہوئے چکر نمبر چوھتر کے سیپی جھنڈوں کے درمیان تین سادہ ٹانکے بنائیں ۔ چار زنجیر ٹانکے والی جگہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) تصویر نمبر دو اور تین دیکھئے ۔ ایک سو اٹھائیس بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ چھ سو چالیس سادہ ٹانکے ۔ ایک سو اٹھائیس ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ ۔





Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**ستتروان چکر ۔**

اگلی ایک زنجیر جگہ میں گم ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ (ایک بڑا ٹانکا شمار ہوگا) اس ہی ایک زنجیر جگہ میں چار بڑے ٹانکے بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ (اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلی ایک زنجیر جگہ میں پانچ بڑے ٹانکے بنائیں) تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ ایک سو ستائیس بار دہرائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ شروع میں بنی تین زنجیر ٹانکے کے اوپر جوڑتے ہوئے چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ ایک سو اٹھائیس سادہ ٹانکے ۔ چھ سو ساٹھ بڑے ٹانکے ۔







## حصہ پنجم مکمل ہوا

اس وقت کام کو بلاک کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

ہمارے کروشے آلونگ میں شامل ہونے کا شکریہ ۔

مدد اور رہنمائی کے لئے ہمارا فیس بک پیج گروپ ہیلنز ہکوہولک میں شامل ہو سکتے ہیں ۔

https://www.facebook.com/groups/helenshookaholics/

♡برائے مہربانی اس بات کو یاد رکھئے گا کہ یہ میرا ڈیزان ہے ۔ اور اس پہ کاپی رائٹ ایکٹ لاگو ہے ۔ آپ میرا لنک یا ویب سائٹ یا ریولری سٹور کی معلومات کسی کو بھی دئے سکتے ہیں ۔ آپ اسکا پی ڈی ایف اپنے استعمال کے لئے چھاپ سکتے ہیں لیکن برائے مہربانی اس میں کچھ بھی تبدیل یا بدل نہیں سکتے نہ ہی شئیر کر سکتے ہیں ۔ برائے مہربانی میرا احترام

جیسے کی میں آپ کا کرتی ہوں

♡آپکی ہیلن

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.